26716-کیا سارے مال کی زکاۃ رمضان میں نکالی جائے گی

سوال

میں ہر سال اپنے مال کی زکاۃ نکالتا ہوں، میں اس رقم کی زکاۃ نکالتا ہوں جو صرف پچھلے رمضان میں میرے اکاؤنٹ میں تھی.. یعنی جس پر ایک سال ہو گیا ہو، تو کیا میرا یہ عمل صحیح ہے؟؟ یا کہ مجھے اس سارے مال کی زکاۃ ادا کرنا ہو گی جو سارا بھر میں آیا ہو؟

پسندیدہ جواب

وجوب زکاۃ کی شروط میں سال کا پورا ہونا بھی شامل ہے، وہ اس طرح کہ نصاب تک پہنچنے والے مال پر سال گزر جائے؛ اس کی دلیل مندرجہ ذیل نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

"مال میں اس وقت تک زکاۃ نہیں جب تک اس پر سال نہ گزر جائے "

اسے ابن ماجہ نے روایت کیا ہے، اور علامہ البانی رحمہ اللہ تعالی نے ارواء الغلیل حدیث نمبر (787) میں صحیح قرار دیا ہے.

اور سونا، چاندی اور نقد رقم، اور جانوروں کی زکاۃ کے وجوب میں سال گزرنے کی شرط ہے.

اور سال کے دوران حاصل ہونے والے مال کی دو قسمیں ہیں :

اول :

جو اصل مال سے حاصل ہونے والا نفع ہو، تو اس کا سال اصل مال کا سال ہی شمار ہو گا.

دوم :

جو مال مستقل ہو جو کسی اور طرح سے حاصل ہوا مثلا وراثت، یا ہبہ اور ہدیہ، یا اپنی تنخواہ سے جمع کیا ہو، تو اس پر زکاۃ اس وقت ہی واجب ہو گی جب نصاب کو پہنچ جانے کے بعد سال گزر جائے.

اس لیے مسلمان کو چاہیے کہ اس کے پاس رمضان المبارک میں جو مال متوفر ہو اور اس پر سال گزر گیا ہو تو اس کی زکاۃ ادا کر دے، اور جس پر سال نہیں گزارا اس پر بھی زکاۃ ادا کر سکتا ہے، اور یہ زکاۃ وقت سے پہلے شمار ہو گی، اس کی دلیل مندرجہ ذیل حدیث ہے، جسے ابو داود، ترمذی، اور ابن ماجہ اور حاکم نے روایت کیا اور حاکم نے اسے صحیح کہا ہے :

عباس رضی اللہ تعالی عنہ نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سال پورا ہونے سے قبل ہی زکاۃ جلدی دینے کے بارہ میں دریافت کیا تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا کرنے کی انہیں رخصت دے دی"

اس حدیث کو علامہ البانی رحمہ اللہ تعالی نے صحیح ترمذی حدیث نمبر (545) میں حسن قرار دیا ہے.

اورایسا کرنے میں انسان کے لیے آسانی ہے کہ وہ ہر حاصل ہونے والے مال کے لیے مستقل سال کا حساب رکھے، تاکہ وہ کسی دوسرے میں خلط ملط نہ ہوجائے، اوراس طرح زکاۃ کا حساب صحیح نہ رہے اورزکاۃ میں سے کچھ اس کے ذمہ ہوجائے.

یا پھر اسے شک اوراشکال پیدا ہوجائے کہ پتہ نہیں اس نے پوری زکاۃ نکال دی ہے یا نہیں.

مزید تفصیل کے لیے آپ سوال نمبر (26113) کے جواب کا مطالعہ ضرور کریں.

واللہ اعلم.